سوال

کسی کی بیوی اگر گورنمینٹ ملازم ھواوراس کا انتقال ھوجائے اس کی پنشن کے وارث کون ھوگا جبکے گورنمنٹ لا کے مطابق اس کا وارث شوہر ہے اس کے مان بہن بہائی بہی ھین

جواب

میت کی پنشن کی تقسیم کا طریقہ کار۔ ؟السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگرکسی کی بیوی گورنمنٹ کی ملازم ہواوراس کا انتقال ہوجائے تواس کی پنشن کا کون وارث ہوگا جبکہ گورنمنٹ قانون کے مطابق اس کا وارث شوہر ہے ۔ ؟الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! صورت مسئولہ میں اس کی پنشن وراثت کے حصوں کے مطابق تقسیم ہوگی ۔ اور ہر ماہ حاصل ہونے والی پنشن کو ورثاء میں شرعی حصص کے حساب سے تقسیم کیا جاتا رہے گا ۔ اور ورثاء کے حصص ورثاء کی تفصیل بھیج کر معلوم کی جا سکتی ہے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی